خدا خدا کر کے یونیورسٹی کے آڈیٹوریم میں بیگ صاحب نے تقریر شروع کی۔ لاؤڈ اسپیکر کا اگر انتظام نہ کیا جاتا تو شاید مقرر کی آواز سنائی پڑ جاتی۔ کیا ہم نے اپنی سماعت کی پوری طاقت خرچ کر کے لاؤڈ اسپیکر کے علاوہ استعمال کر رہے ہیں کہ اس طرح بیگ صاحب کی آواز سنائی پڑے۔ مقرر کی طرف پہلی صف میں بیٹھے دو شیخ عقل مند پاکستان کو ... میں معروف۔ دو تین مرتبہ ہم نے پیچھے مڑ کر اپنی انڈے جیسی بڑی بڑی آنکھیں پلکیں جھپکا جھپکا کر دکھائیں کہ شاید مقرر اس میں اچھی [illegible]

تو اور ان کے پہچانے ... مگر وہاں موجود ... میں ... خرچ ... اس ہال میں موجود ... ان لوگوں کی توجہ ہم کھینچنا چاہتے تھے ... مگر ... پیچھے کی صف میں ... ٹوپی اور کرتا پاجامہ ... ایک صاحب بیٹھے تھے ... میں نے جیب سے ... اخبار کا ... [illegible]

جس وقت بیگ صاحب بول رہے تو ایک محترمہ نے انکے ... ہم نے ... [illegible]

ہال میں فوٹوگرافر حضرات اور ٹی وی کیمرہ مین مختلف سمتوں میں دھڑا دھڑ فلمیں کھینچ رہے تھے۔ میں کچھ ایسے زاویے پر ہال میں بیٹھا تھا کہ فوٹو نہ آ سکی۔ ٹی وی پر آنے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا۔ بیگ صاحب کی تقریر کے دوران (جس کو پیچھے بیٹھے ہوئے باتونیوں کی وجہ سے سن نہ سکا) سوچتا رہا کہ اس مسئلے کو کیسے حل کیا جا سکتا ہے؟ تقریر ختم ہونے سے پہلے ہی میں ہال کے باہر سڑک پر نکل گیا تاکہ جلوس کی اگلی صف میں جگہ مل جائے۔ اس طرح فوٹو میں اور ٹی وی پر آنے کے امکانات بڑھ گئے۔

وہی ہوا۔ جلوس نے جیسے ہی دوڑنا شروع کیا (یہ جلوس ایکسپریس تھا) ٹی وی والوں نے اور پریس فوٹوگرافروں نے تصاویر کھینچنا شروع کر دیں۔ دھڑا دھڑ میری تصویریں بھی کھینچیں۔

جلوس کے ختم ہوتے ہی سیدھا گھر بھاگا۔ پہنچتے ہی ٹی وی کھولا اور خبروں کا انتظار کرتا رہا۔ ۶ بجے شام کی خبریں مختلف اسٹیشنوں پر دیکھیں۔ سخت مایوسی ہوئی کہ ان ناہنجاروں نے کچھ بھی نہ دکھایا۔ رات کے گیارہ بجتے بجتے ایسا لگا جیسے مدتیں گزر گئی ہوں۔ خبریں پھر شروع ہوئیں۔ کوریا، بیروت، نیویارک، چین اور خدا معلوم کہاں کہاں کی خبریں ٹی وی پر دکھائے جاتے رہے مگر مجھے ان سب سے دلچسپی نہ تھی۔ خبریں ختم ہوتے ہوتے ... چینل پر اور ٹورونٹو کے مسلمانوں کا جلوس دکھایا گیا مگر جناب ہماری شکل کہیں دکھائی نہ پڑی۔ نزدیک ہی کرسینٹ کی ایک کاپی پڑی تھی۔ اٹھا کر اس کو زور سے پٹخا! ٹی وی والوں کی کم ظرفی پر بڑا غصہ آیا۔ سونے لیٹا تو غصے کی وجہ سے نیند غائب! بھلا ہو کسی کی شرافت ہے؟ ایک سین تو دکھایا ہوتا جس میں ہم بیٹھے تھا! پھر اپنے کو سمجھاتا رہا کہ چلو کل کے اخبارات میں فوری کوئی نہ کوئی ایک ایسی تصویر ہو گی جس میں میرا نورانی چہرہ ہوگا! دوسرے دن کے سارے اخبارات خرید ڈالے! دعوت تبرے کی — ایک اخبار نے بھی کوئی ایک تصویر نہ چھاپی!!!

... [illegible]

[illegible]

مصحفی

تو آیا ہے مجھ تک ... [illegible]
... [illegible]
... پیمانہ بکس کے ... [illegible]
... گیا ہو بیٹھ کر ... [illegible]
آئے ... جس کے لئے چاک کیا ہے
... پیرہن گریباں کو ... [illegible]
... ہوا ہے مصحفی اسیر
فصلِ بہار و باغ میں ... [illegible]
... زرد کا ... کر ... کریاں
... ایک ... کسی کا نہیں رہا


فصلِ گل فصلِ خزاں دونوں گئیں اے صیاد	مرغِ دل کون سے موسم میں رہا ہوئے گا
غم کہا تا ہوں جتنا مری نیت نہیں بھرتی	کیا غم ہے مزے کا کہ طبیعت نہیں بھرتی
کوچے سے نکل کر تیرے ... نالہ کروں گا	معلوم ہوا اب مجھے تاثیر نہیں ہے یہاں

شیخ غلام ہمدانی نام مصحفی تخلص ۱۱۶۰ھ میں بمقام امروہہ ضلع مرادآباد پیدا ہوئے۔ والد کا نام شیخ ولی محمد تھا۔ جوانی ہی میں تحصیل علم کا شوق دلی کھینچ لایا۔ بزرگوں کی صحبتوں سے مستفیض ہوئے۔ دوسرے شعراء کی طرح یہ بھی دلی کو خیرباد کہہ کر نواب آصف الدولہ کے زمانے ۱۱۹۳ھ میں لکھنؤ گئے۔ مصحفی "تذکرہ ہندی" میں لکھتے ہیں کہ سید انشا شہزادہ سلیمان شکوہ ابن شاہ عالم ثانی کے دربار میں پہلے سے موجود تھے۔ انہی شہزادے کے حکم سے مجھ کو دربار میں لے گئے لیکن آخر میں سید انشا مصحفی کے لئے وبالِ جان بن گئے۔ شعر و شاعری میں خوب خوب معرکے ہوئے۔ اپنے پیش روؤں کی طرح دلی کی یاد انہیں بھی ستاتی رہی۔ ۱۲۴۰ھ میں لکھنؤ میں انتقال کیا۔ اچھے شاعر کی حیثیت سے مصحفی ۱۱۹۴ھ میں ... [illegible] ... ان کے کلام میں صفائی اور روانی پائی جاتی ہے ... [illegible] ... فلسفہ بھی کچھ موجود ہے۔

جامِ نو

ساقی سے دور، دور ہوں پھر بھی نشے میں ہوں
زخموں سے چُور چُور ہوں پھر بھی نشے میں ہوں
تشنہ ... ہے دوشینہ کا خمار
کچھ ہوش میں ضرور ہوں پھر بھی نشے میں ہوں
جاتے ہی ان کے کھل گئے یا دل کے میکدے
گرچہ ... دور ہوں پھر بھی نشے میں ہوں
گرچہ یہ نامبوری پیہم ہی ہے شراب
کب سے میں ناصبور ہوں پھر بھی نشے میں ہوں
میں لڑکھڑا رہا ہوں سنبھالے کوئی مجھے
اک پیکرِ قصور ہوں پھر بھی نشے میں ہوں
کس رنگ میں ہیں شاہد و مشہود کیا خبر
میں آنکھ ... ہوں پھر بھی نشے میں ہوں
آلامِ زندگی نہیں میرے لئے ... [illegible]
میں ہوش میں ضرور ہوں پھر بھی نشے میں ہوں
پیمانۂ عشق، نشترِ خودی، نازِ آگہی
میں ... ہوں پھر بھی نشے میں ہوں
... کب ملا ہے کسی اہلِ ہوش کو
میں گمشدہ شعور ہوں پھر بھی نشے میں ہوں

[illegible]



بہنوں کی محفل

اگر آپ

[ڈاکٹر نوید اصغر]


حسین رہنا چاہتی ہیں تو ہوا اور دھوپ سے بچیے

• چمکتی چیز ہر ایک کو پسند ہے لیکن ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوا کرتی۔ کسی کے چہرے کی خوبصورتی ایک نعمت ہے لیکن یہ خوبی صرف اسی وقت تک اہم ہے جب تک اس فرد کی اندرونی خوبصورتی بھی ہو۔ ورنہ آپ نے کئی بت دیکھے ہوں گے جنہیں بناوٹ سے بنایا گیا ہو اور زیور سے سجایا گیا ہو مگر وہ کسی کو نہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ ہی نقصان۔

حسن سدا نہیں رہتا اس لئے اس کی رکھوالی کے لیے لوگ بڑی بڑی کوششیں کرتے ہیں تاکہ چہرے سے ان کی عمر کا اندازہ نہ کیا جا سکے۔ آپ نے کئی فلمی ستارے دیکھے ہوں گے جو عمر رسیدہ ہونے کے باوجود جوان نظر آتے ہیں مثال کے طور پر ... آپ نے ٹی وی پر ضرور دیکھا ہو گا کیا اس کی عمر کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ آپ کو حیرت ہو گی کہ ان کی عمر ۴۰ سال سے اوپر ہے۔ چہرے کو تازہ اور جوان رکھنے کے لیے وہ کیا کچھ کرتے ہیں اور ڈاکٹر کیا طریقے استعمال کرتے ہیں ان کا مختصر ذکر مقصود ہے۔

کیمو سرجری (CHEMO SURGERY)

اسے فیس پیلنگ (FACE PEELING) بھی کہتے ہیں۔ ... جھریاں ... بڑھاپے کی ... اور چہرے پر پیدا ہوتی ہیں۔ کیمو سرجری کے تحت اوپر کی جلد اتار دی جاتی ہے۔ مرکبات کے استعمال سے مرکبات ہیں ٹرائی کلورو ایسیٹک ایسڈ (TRIC – HLOROACETIC ...) ... فیصد CONCENTRATED ... اور (RESORCINOL) کی تہہ PRECIPITATED ACID ... یہ مرکبات ...



۴۰ سالہ فیشل بالز

... جلد سفید ہو جاتی ہے ... ڈاکٹر ... علاج کرتے ہیں۔ اس طریقہ علاج سے ... استعمال سے ... HYDROCOR ... ۲۵ فیصد ... ۱۵ منٹ ... علاج کے اختتام پر جلد صاف ... ہو جاتی ہے۔ اس طریقہ علاج پر خرچ کوئی پانچ سو ڈالر آتے ہیں۔

ڈرما بریژن

(DERMABRASION)

اس طریقہ علاج میں جلد کو بے حس بنا کر ایتھائل کلورائیڈ (ETHYL CHLORIDE) میں جما دیا جاتا ہے۔ اس طرح جلد پر سخت تہہ جم جاتی ہے پھر جلد کو بجلی کی مدد سے گھومتے ہوئے تیز برش کی مدد سے اتارا جاتا ہے جس طرح دانتوں کا ڈاکٹر دانت میں سوراخ کرتا ہے۔ اس علاج کی وجہ سے سوجن وغیرہ کوئی دو ماہ تک رہتی ہے لیکن یہ علاج کیمو سرجری سے بہتر تصور کیا جاتا ہے۔ اور اس پر ایک ہزار ڈالر کے قریب خرچ آتا ہے۔ ایک نئی مشین ڈرماٹوم (DERMATOME) کی مدد سے ڈاکٹر اچھی جلد کی باریک تہہ کو خراب جلد کی جگہ بدل سکتا ہے۔



۴۰ سالہ مارلین ڈیٹرچ

پلاسٹک سرجری (RHYTIDOPLASTY)

اس کا نسبتاً عام طریقہ "فیس لفٹ" (FACE LIFT) ہے۔ اس طریقہ علاج کے بعد مریض دس سال کا جوان لگنے لگتا ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ کانوں کے آگے سے شروع ہو کر پیچھے تک INCISION دی جاتی ہے اور جلد کو کھینچ کر زائد نکال دیتے ہیں۔ غیر ضروری جلد کاٹ دی جاتی ہے اور پھر سلائی کر دی جاتی ہے۔ خرچ دو ہزار ڈالر ... طریقہ علاج کو پورے چہرے پر نہیں کیا جاتا ... (FACIAL TUCK) ... پہلا علاج ہر چار پانچ سال بعد دہرایا جاتا ہے۔

آپ شاید افسردہ ہو گئے ہیں کہ یہ سب ... علاج ... آپ کی ... خوبصورت رکھنا چاہتی ہیں ...

ورزش

... ورزش ...

... علاج کی باری ہے

فیس پیک (FACE PACK)

صندل ... ملتانی مٹی ... چہرہ ... صاف ... مسالہ لگائیں ...

صفائی

کلینزنگ کریم ... چہرہ ...

خوراک

خوراک میں پروٹین کافی استعمال کیجیے۔ اس کے علاوہ وٹامن بھی بہت ضروری ہیں۔ انڈے اور گوشت پروٹین فراہم کر سکتے ہیں۔



۴۰ سالہ ... کا چہرہ

پانی کا استعمال

دن میں کوئی ۸ گلاس سادہ پانی کے ضرور پیجئے۔ یاد رہے کہ جلد کے خلیوں میں ۹۰ فیصد پانی ہوتا ہے ... سے جلد خشک ہو جاتی ہے ... پانی کا استعمال جلد کو تازہ رکھتا ہے۔

سگریٹ کا استعمال چھوڑیئے

سگریٹ یا تمباکو پینے سے جلد پر جھریاں نظر آتی ہیں ... اسی طرح شراب کے زیادہ استعمال سے بھی (DEHYDRATION) ہو جاتی ہے اور جلد کے لیے نقصان دہ ہے۔ ... شراب کا اثر اس کے بالکل برعکس ہے۔ اور خون کی نالیاں پھیل جاتی ہیں۔

سورج کی گرمی سے جلد کو بچائیں

اپنے جذبات پر قابو پانے کی کوشش کریں۔ ... چہرے کو ... پر اثر پڑتا ہے۔

مالش

گال، رخسار اور ماتھے کی مالش ... موئسچرائزرز (MOISTURIZERS) استعمال کریں ... سلیکون (SILICONE) ... استعمال کیا جا سکتا ہے۔

... ایک ... ڈاکٹر سے مشورہ ...

سوفلے

ایک خوش ذائقہ اور خوش رنگ غذا ہے!

مچھلی اور آلو کا سوفلے

چھ افراد کے لئے اشیاء۔ آدھ سیر ... مچھلی کا گوشت۔ دو گلاس دودھ۔ آدھ سیر آلو۔ چار انڈے۔ نمک۔ سیاہ مرچ۔ ذرا سا مکھن جس میں سوفلے ڈش چکنی کرنی ہے۔

ترکیب۔ نمک ملے پانی میں آلو ابال لیں۔ فرائی پان میں مچھلی کا گوشت پھیلا دیں۔ اوپر اتنا دودھ ڈالیں کہ گوشت ڈھک جائے ... گوشت ... مچھلی کے ساتھ ... انڈے کی زردی، نمک، سیاہ مرچ اور ... آمیزے میں ... سوفلے ڈش کو چکنا کر کے اس میں آمیزہ ... گرم اوون میں ... ۳۰ منٹ کے لئے رکھ دیں۔

مرغ سوفلے

چار افراد کے لئے اشیاء۔ ... چمچہ آٹا ... ایک پیالہ دودھ ... نمک اور سیاہ مرچ ... ایک پاؤ مرغی کا پکا ہوا گوشت ... ایک چمچہ مشروم ... والا مکھن میں تل لیں۔ ذرا سا زائد مکھن ... تازہ کیا ہوا انڈے۔

ترکیب۔ مکھن، آٹے اور دودھ سے پہلے ہی ساس تیار کر لیں جیسے کہ پہلے سوفلوں کے لئے کی ہے۔ نمک اور سیاہ مرچ بھی ملا دیں۔ بعد میں انڈوں کی زردی کو کریم، مرغی کے گوشت کی بوٹیاں اور مشروم شامل کر کے آپس میں ملا دیں۔ آخری لمحوں میں انڈوں کی سفیدی پھینٹ کر ملا دیں۔ ڈش اندر سے چکنی کر لیں۔ آمیزہ ڈش میں انڈیل دیں۔ ۳۰ منٹ کے لئے ڈش اوون میں رکھ دیں۔ حرارت درمیانی ہونی چاہیئے۔

سلاد سوفلے


چار افراد کے لئے اشیاء۔ ... سلاد ... چار انڈے۔ ... چمچہ مکھن ... چمچہ آٹا۔ ایک پیالہ دودھ۔ سیاہ مرچ۔ آدھ پاؤ پنیر ... چکنا کرنے کے لئے ذرا سا مکھن۔

ترکیب۔ سلاد ... صاف کر کے نمک ملے ابلتے ہوئے پانی میں دس منٹ پکائیں۔ اب اسے پانی سے نکال کر خوب دبائیں تاکہ تمام پانی خارج ہو جائے ... مکھن، دودھ اور آٹے سے ساس بنا لیں ... انڈوں کی زردی اور سیاہ مرچ شامل کر دیں۔ آخر میں پھینٹی ہوئی انڈوں کی سفیدی ملا دیں۔ پکنے کے بعد سوفلے ڈش میں آمیزہ انڈیل دیں۔ درمیانی حرارت والے اوون میں ... منٹ کے لئے ... مزید دس منٹ کے لئے ... پکنے میں کل بیس منٹ صرف ہوں گے۔

ٹماٹر سوفلے


چھ افراد کے لئے اشیاء۔ دو چمچہ مکھن۔ ڈیڑھ چمچہ آٹا۔ ایک گلاس دودھ۔ دو چمچہ ... ایک ڈبہ ٹماٹر کا گودا۔ نمک۔ سیاہ مرچ ... لہسن۔ نصف پیالہ کترا ہوا پنیر۔ چھ انڈے۔ سوفلے ڈش کو چکنا کرنے کے لئے ذرا سا مکھن۔


ترکیب۔ آگ پر پتیلی رکھ کر دودھ، مکھن اور آٹے سے ساس بنا لیں۔ پتیلی چولہے پر سے اتار لیں اور اس میں کسا ہوا پنیر ملا دیں۔ ٹماٹر کو پودینے کے پتوں کے ساتھ ملا دیں نمک اور سیاہ مرچ بھی ملا دیں۔ کچلے ہوئے لہسن کے ساتھ ساس ٹماٹروں پر انڈیل دیں کترا ہوا پودینہ بھی ڈال دیں۔ آمیزے میں انڈوں کی زردی بھی ملا دیں۔ آخر میں پھینٹی ہوئی انڈوں کی سفیدی بھی شامل کر دیں۔ ڈش میں آمیزہ انڈیل دیں پہلی آنچ کے اوون میں دس منٹ کے لئے رکھ دیں۔ پھر آنچ تیز کر کے پچیس منٹ مزید اوون میں پکنے دیں۔





ہمارا محکمہ ایک مہینے کی کمائی "سیلابی فنڈ" میں دے دے۔ تو سارے امدادی مسئلے حل ہو سکتے ہیں





دفتر پہنچتے ہی اطلاع کروا دیں۔۔۔۔



ساحلی اور اندرونی ممالک کے صلاح مشورے سے بحر ہند کو خطہ امن قرار دینے کے لئے کانفرنس طلب کی جائے

پاکستان کو علیحدہ رکھنے کی بھارتی کوششیں ناکام ہو گئیں

غیر جانبدار ملکوں کی آئندہ سربراہی کانفرنس ۱۹۷۹ء میں ھوانا میں ہوگی

کولمبو۔ —— (اپ پ) غیر جانبدار ملکوں کی پانچویں سربراہی کانفرنس نے جس کا انعقاد سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں ہوا مطالبہ کیا ہے کہ بحر ہند کو خطہ امن قرار دینے کی تجویز پر (جلد) عمل درآمد کیا جائے اور تمام ساحلی ممالک اور اس خطے کے اندرونی ممالک کے ساتھ صلاح و مشورہ کرکے بحر ہند [illegible]

ملکوں کی سربراہی کانفرنس کے خاتمے پر جو اعلان جاری ہوا اس میں کہا گیا ہے کہ بحر ہند کے خطے میں ساحلی ملکوں کے علاوہ اس خطے کے اندرونی ملک بھی شامل تصور ہوں گے۔ بھارت یہ کوشش کر رہا ہے کہ بحر ہند کے خطے میں ساحلی ملکوں کے ساتھ اندرونی ملکوں کو شامل نہ کیا جائے۔ اور اس کوشش کا مقصد یہ تھا کہ اس خطے سے پاکستان اور ایران جیسے ملکوں کو خارج کر دیا جائے۔ لیکن اس کے باوجود سربراہی کانفرنس کے اعلان میں ایسے ملکوں کو اس خطے سے خارج نہیں کیا گیا۔ اور اعلان کے مسودے کے بعد جو متن جاری کیا گیا [illegible] اضافہ کر دیا گیا ہے۔

غیر جانبدار ممالک کی سربراہی کانفرنس نے ساحلی اور اندرونی ملکوں سے مزید مطالبہ کیا ہے کہ وہ کسی بھی ایسے (فوجی اتحاد یا معاہدے) میں شمولیت سے احتراز کریں جس کا مقصد کسی بڑی طاقت کی دوسری بڑی طاقت سے رقابت رکھنا ہو یا جو اس علاقے کے ملکوں کے حق میں مضرت رساں ہو۔ کانفرنس نے بحر ہند کے خطے کے سیاسی اور اقتصادی پہلوؤں

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ممبر ملکوں اور اس کو استعمال کرنے والے ملکوں سے مطالبہ کیا ہے کہ کسی قسم کے عسکری مہم جوئی کے بغیر اس خطے کے تحفظ کے سلسلے میں علاقائی اور بین الاقوامی تعاون اور اشتراک عمل سے کام لیں۔ کانفرنس نے بڑی طاقتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بحر ہند میں قائم شدہ فوجی اڈوں اور تنصیبات کو ختم کریں جو اس خطے کے دوسرے ملکوں کی علاقائی سالمیت، امن اور ترقی کے لئے کسی طرح بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ اور اس خطے کے کسی ملک کے باشندوں کے حق خود ارادیت کے منافی ہیں۔ غیر جانبدار ملکوں کی سربراہی کانفرنس کا اجلاس پروگرام سے پہلے ختم ہو گیا اور آئندہ کانفرنس ۱۹۷۹ء میں ہوانا میں منعقد ہونے کا اعلان کیا گیا۔ کانفرنس نے ممبر ملکوں کے نمائندوں کی جانب سے پیش کردہ سیاسی اور اقتصادی اعلان کی بھی طور پر توثیق کر دی اور ۱۲ سیاسی اور ۱۱ اقتصادی قراردادیں منظور کیں۔

اوپیک اکیپیج قدرتی گیس کی گراؤنڈ پر کھیلے گا

ہتھیار اور اصلاح اکبر بحث ہے بیان ہوئے: عاطف

اسلام آباد۔ —— (اپ پ) بین الاقوامی ہاکی فیڈریشن آئندہ سال فروری میں منعقد ہونے والے اجلاس میں ہاکی کھیل کے لئے قدرتی گھاس یا آسٹرو ٹرف والی گراؤنڈ کے مسئلے پر غور کرے گی۔ پاکستان ہاکی ٹیم کے منیجر بریگیڈیئر عاطف نے [illegible] لاہور واپس آنے کے بعد بتایا کہ حکومت روس نے ۱۹۸۰ء میں ماسکو میں منعقد ہونے والے اولمپک مقابلوں میں ہر طرح کا انتظام کرنے کی پیش کش کی ہے اور فیڈریشن کی تجویز وصول ہونے کے بعد اس پر عمل کیا جائے گا۔ بریگیڈیئر عاطف نے کہا کہ آسٹرو ٹرف پر کھیلنا ظلم ہے انہوں نے ہاکی میچوں کے لئے قدرتی گھاس کی تجویز پیش کر دیا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پاکستان کے ماہر کھلاڑی شہناز کے دائیں ہاتھ پر پلاسٹر چڑھا ہوا ہے اور [illegible] اس طرح [illegible] [illegible] چلنے کے قابل ہو سکے گا

مشہور افسانہ نگار کرشن چندر کو دل کا دورہ

کراچی۔ —— (اپ پ) ماہانہ رسالہ "سب رنگ ڈائجسٹ" کے ایک ترجمان کے مطابق کل مشہور افسانہ نگار کرشن چندر کو بمبئی میں دل کا شدید دورہ پڑا اور معلوم ہوا ہے کہ انہیں ہسپتال میں داخل کر دیا گیا ہے

افغانستان کی طرف سے پاکستان کے سیلاب زدگان کے لیے ۵۰ ہزار ڈالر کا عطیہ

اسلام آباد۔ —— (اپ پ) حکومت افغانستان نے پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کے لیے ۵۰ ہزار ڈالر کا عطیہ دیا ہے۔ افغانستان کے ناظم الامور نے آج وفاقی وزیر مملکت برائے دفاع و امور خارجہ مسٹر عزیز احمد سے دفتر خارجہ میں ملاقات کی اور اپنی حکومت کی طرف سے انہیں ۵۰ ہزار ڈالر کا چیک پیش کیا۔ مسٹر عزیز احمد نے افغان ناظم الامور کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ حکومت پاکستان افغانستان کے اس دوستانہ اور برادرانہ سلوک کے لیے انتہائی شکر گزار ہے اور وہ ممنونیت کے یہ جذبات اپنی حکومت تک پہنچا دیں۔

سینیٹ نے پریس اینڈ پبلی کیشنز آرڈیننس میں ترمیم کا بل منظور کر لیا

اسلام آباد۔ —— (اپ پ) سینیٹ نے آج مغربی پاکستان پریس اینڈ پبلی کیشنز آرڈیننس ۱۹۶۳ء کے ترمیمی بل کی منظوری دے دی ہے۔ قومی اسمبلی اسے پہلے ہی منظور کر چکی ہے۔ ملک محمد اختر وزیر قانون و پارلیمانی امور نے بل کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ترمیم کا مقصد آرڈیننس کی بعض دفعات کو آئین میں دی گئی آزادی تقریر و اظہار اور آزادی صحافت کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ سینیٹر ظہور الحق نے بل کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اس بل کی روشنی میں سابق آرڈیننس کی اصلاح نظر نہیں آتی۔

شہر یہ دریا ——
مغل شہزادے کا عشق اور انارکلی کی قبر

لاہور —— (اپ پ) گزشتہ رات عشائیے میں دریاؤں اور عالیہ بارشوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ سندھ کی پانچ ہزار سالہ تہذیب کسی نہ کسی صورت میں اپنے دریاؤں سے وابستہ رہی ہے۔ آج بھی پاکستان ایک پریشان کن دور سے گزر رہا ہے کیونکہ سارے دریا بپھرے ہوئے ہیں ان پر کڑی نظر رکھنی ہوگی۔ بعض اوقات ہمیں دریاؤں سے جھگڑا مول لینا پڑتا ہے اور بعض اوقات انہیں رام کرنا پڑتا ہے۔ دریاؤں کے برتاؤ کے سلسلے میں ہم نے ڈیلٹا میں سیکھا ہے۔ ہم جو اقدامات کرنے والے ہیں ان میں ہم اپنے طور پر اپنی پوری صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے کیونکہ جلسے دریا شرارت پر تلے ہوئے ہیں (قہقہہ)۔

وزیر اعظم نے خوشگوار موڈ میں لاہور شہر کا ذکر کیا انہوں نے کہا اس شہر نے کئی فاتح دیکھے ہیں۔ یہ شہر قلعوں، باغوں، یادگاروں اور مسجدوں کا شہر ہے۔ اس شہر میں ایک مغل بادشاہ نے اپنی شاہزادگی کے دور میں ایک خوبصورت نوجوان خاتون سے محبت کی جسے انارکلی کہا جاتا تھا لیکن شہزادے کے والد کو اس خاتون سے شادی پسند نہ تھی اور اس نے اسے زندہ دفن کرا دیا اس کے مزار پر اب سیکرٹریٹ واقع ہے (قہقہہ)



دریا سے ... پانی گزر رہا ہے

پی آئی اے لاہور کے ڈسٹرکٹ منیجر انور خاں کو چھٹی پر بھیج دیا گیا

لاہور۔ —— (ہمارے نامہ نگار) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کے مقامی ڈسٹرکٹ منیجر مسٹر انور خاں کو چھٹی پر بھیج دیا گیا اور انہیں فوری طور پر چارج چھوڑ دینے کا حکم دیا گیا ہے ان سے چارج لینے کے لیے مسٹر مسعود علی جیلانی آج لاہور پہنچ گئے ہیں۔ صبح وہ مسٹر انور خاں سے چارج لے لیں گے۔ مسٹر مسعود علی جیلانی پی آئی اے کے ڈسٹرکٹ منیجر تھے مسٹر انور خاں گزشتہ تین سال سے لاہور میں ڈسٹرکٹ منیجر کے عہدے پر کام کر رہے تھے

پاکستان کو ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ دینے پر برطانیہ کو بھی اعتراض ہے: ٹیلیگراف

تحفظات کے باوجود پاکستان ایٹمی طاقت ضرور بن جائے گا: فنانشل ٹائمز

لندن۔ —— (بی بی سی) ڈیلی ٹیلیگراف کے مطابق امریکہ کی طرح برطانیہ کو بھی فرانس کی طرف سے پاکستان کو ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ مہیا کرنے پر تشویش ہے۔ برطانیہ یہ سمجھتا ہے کہ اگرچہ فرانس نے پاکستان کے ساتھ جو معاہدہ کیا ہے اس میں تمام متعلقہ تحفظات حاصل کر لئے گئے ہیں لیکن ان تحفظات کے باوجود پاکستان ایٹمی طاقت بننے کی صلاحیت حاصل کر لے گا ٹیلیگراف کے نامہ نگار نے اپنی خبر میں برطانوی حکومت کا لفظ استعمال کرتے وقت اپنا ماخذ بیان نہیں کیا اور نہ کسی وزیر یا افسر کا حوالہ دیا ہے۔ لندن کے فنانشل ٹائمز نے آج پاکستان کو فرانس کی طرف سے دیئے جانے والے ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ پر اداریہ شائع کیا ہے اور لکھا ہے کہ امریکہ نے جس تشویش کا اظہار کیا ہے وہ اپنی جگہ بالکل درست ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ فرانس جب یہ بات کہتا ہے کہ اس نے تمام تر تحفظات حاصل کر لئے ہیں تو وہ درست بات کرتا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی نے جو تحفظات مقرر کئے ہیں وہ بذات خود ناکافی ہیں اور اس امر کا قطعاً کوئی شک و شبہ نہیں ہے کہ فرانس سے ری پراسیسنگ پلانٹ حاصل کرنے کے بعد پاکستان ایٹمی طاقت ضرور بن جائے گا۔

اخبار کے مطابق فنانشل ٹائمز نے لکھا ہے [illegible] ری پراسیسنگ پلانٹ کی فروخت کا مسئلہ پیدا ہوا ہے [illegible] اخبار نے تجویز پیش کی ہے کہ یہ بہتر ہوگا کہ بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی ایٹمی مواد کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے اقدامات اور موجودہ طریقہ کار پر نظر ثانی کرے [illegible] پاکستان کے سامنے پیش نہیں کیا جانا چاہیے

امریکہ کو فرانس اور پاکستان میں ہونے والے معاہدے پر اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں ہے

پاکستان سے تمام تحفظات حاصل کر لیے گئے ہیں: وزیراعظم شراک ۔ فرانس نے معاہدے کے بارے میں تینوں ملکوں کی مشترکہ بات چیت کی تجویز بھی مسترد کر دی

پیرس ۔۔۔ ری پراسیسنگ پلانٹ کے سلسلے میں ... معاہدہ ہوا ... فرانس اور پاکستان کے درمیان ... اس معاہدے کے سلسلے میں تمام ضروری تحفظات حاصل کر لیے گئے ہیں ... بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کی شرائط کو بھی پورا کر دیا گیا ہے۔ اس کے باوجود امریکہ کی مداخلت افسوسناک ہے۔ وزیراعظم فرانس نے کہا کہ ... فرانس اور پاکستان کے درمیان جو معاہدہ ہوا ہے ... کسی کو اس میں مداخلت کا حق نہیں پہنچتا۔ ... پاکستان کے ساتھ فرانس کے وزیراعظم نے امریکہ ... کے سلسلے میں امریکہ اور فرانس اور پاکستان کے ساتھ بات چیت ... اپنے وزیراعظم فرانس نے کہا کہ یہ معاہدہ ... پیرس ۲۱ اگست (اے پی پی) ...

... نے کہا کہ ... جماعت کے ... تبلیغی جماعت ... کے مطابق ... مسلمانوں کو ... تبلیغ ... اسی طرح محفوظ ہو گا۔

شہنشاہ ایران نے ایٹمی ری پراسیسنگ کے علاقائی مراکز قائم کرنے کی امریکی تجویز کی مخالفت ترک کر دی

پاکستان امریکی منصوبے میں شامل نہیں ہو گا

ایران بھی ایٹمی اسلحہ تیار کرنے کا خواہشمند ہے



تہران ۔۔۔ شہنشاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی نے امریکہ کی اس تجویز کی مخالفت ترک کر دی ہے کہ ایٹمی ایندھن کی ری پراسیسنگ کے علاقائی مرکز قائم کیے جائیں۔ باخبر امریکی اور ایرانی ذرائع نے ... کے حوالے سے کہا ہے کہ ... ایٹمی پلانٹ کی فروخت کے بارے میں امریکہ اور ایران کی حالیہ بات چیت سے ... ری پراسیسنگ کا مسئلہ امریکہ کی طرف سے ایران کو ایٹمی ری ایکٹر فراہم کرنے کی راہ میں رکاوٹ تھا۔ ان ذرائع کے مطابق امریکہ اور ایران کا معاہدہ ... ملکوں کو ایٹمی ہتھیاروں کی منتقلی ... ہو سکتا ہے اور اس سے امریکی کمپنیوں کو ایران کی اربوں ڈالر کی ایٹمی پلانٹ کی مارکیٹ میں شامل ہونے کا موقع ملے گا۔ گذشتہ ہفتے امریکی وزیر خارجہ ڈاکٹر ہنری کسنجر کے دورہ ایران کے دوران شہنشاہ ایران نے کہا کہ اگر بہت سے ملکوں کے پاس دو یا تین چھوٹے چھوٹے ری ایکٹر ہوں تو اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا اس لئے ... علاقے میں ری پراسیسنگ پلانٹ کی ضرورت ہے تو ہم بہت سے ملکوں کے تعاون سے اسے حاصل کرنے کے حق میں ہیں۔ شہنشاہ ایران کے اس بیان کو بات چیت کے دوران حیرت کی نگاہ سے دیکھا گیا اور امریکیوں کو اس بات کی امید بندھ گئی کہ ری پراسیسنگ کے علاقائی مرکز قائم کرنے کی امریکی تجویز قابل عمل ہو سکے گی۔ تہران کی ایٹمی سامان فراہم کرنے والے امریکی حلقوں کو امید ہے کہ اس سلسلے میں نومبر تک کوئی سمجھوتہ ہو سکتا ہے جب دوبارہ اس سلسلے میں بات چیت شروع ہو گی۔ ان کا خیال ہے کہ یہ بات چیت امریکہ کے صدارتی انتخاب کے بعد ہی مکمل ہو سکے گی۔

پنجاب میں ۱۱ شاہراہوں پر ابھی تک ٹریفک معطل ہے

لاہور ۔۔۔ ... شاہراہوں کے محکمہ کی ... سیلاب سے سرگودھا، راولپنڈی، لاہور اور ملتان ڈویژنوں میں بیشتر متاثرہ سڑکوں پر ٹریفک بحال کر دی گئی ہے۔ تاہم ابھی تک چند شاہراہوں پر بدستور ٹریفک بند ہے ... کے قریب ... نالہ کا پانی سڑک پر آ گیا ہے جس کی وجہ سے ڈیرہ غازی خان ... روڈ میل ... کے قریب ... پانی کھڑا ہے۔ صوبہ میں مندرجہ ذیل سڑکیں بدستور بند ہیں:

سرگودھا ڈویژن

... روڈ پر ... کے درمیان، سرگودھا میانوالی روڈ پر ... کے درمیان ... روڈ۔

راولپنڈی ڈویژن

... کے درمیان ... میل ... پر ٹریفک بند ہے۔

لاہور ڈویژن

مریدکے ... روڈ ... کے درمیان۔

ملتان ڈویژن

جھنگ ... روڈ، ڈیرہ دین پناہ ... روڈ ... کے درمیان ... ڈیرہ غازی خان ... روڈ ... ٹریفک بند ہے۔

کریسنٹ کا یہ شمارہ اگر آپ کو مفت ملے تو اس کی سالانہ خریداری قبول فرما کر ہمیں اپنی خدمت کا موقعہ دیجئے۔ یہ اخبار خود بھی پڑھیے اور اپنے دوستوں کو بھی پڑھنے کے لیے دیجئے۔ (ادارہ)

حزب اختلاف کے رہنما علاقائیت کا زہر پھیلانے کی بجائے مثبت رویہ اختیار کریں

سیلاب زدگان کے مصائب ختم کرنے کے لیے ہر ممکن کوششوں کی یقین دہانی

مردان ۔۔۔ ... وزیراعظم بھٹو نے کہا ہے کہ سیلاب، بارشوں ... اور مختلف بحرانوں اور سازشوں کے باوجود پاکستان مسلسل ترقی کی راہ پر گامزن ہے ... ہم نے گندم، چینی اور چاول کی پیداوار میں ریکارڈ اضافہ کیا ہے ... کارخانے قائم کیے ہیں ... نصب کیا جا رہا ہے ... انہوں نے کہا کہ ... ملک ... غربت والوں ... ملک خوشحال ہو۔ انہوں نے کہا کہ ... اصولوں پر وہ کسی سے سمجھوتہ نہیں کریں گے ... جو شخص بھی خواہ وہ امیر ہو یا غریب ہمارے اس اصول سے اتفاق کرتا ہے وہ ہماری پارٹی میں شامل ہو سکتا ہے ہم اس کا خیر مقدم کریں گے۔ اس اجتماع میں ... خان ... سابق وزیر ... پاکستان ... پیپلز پارٹی میں شامل ہونے کا اعلان کیا جس کا حاضرین نے پرجوش خیر مقدم کیا۔ ان میں ممتاز شہری، سیاسی کارکن ... اور چار سدہ ... ہے۔

وزیراعظم بھٹو نے کہا کہ دنیا تیزی سے بدلتی جا رہی ہے ... کی جا سکتی۔ آج یہاں ... ہاؤس ... میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے ... کہا کہ یہ بات شرمناک ہے کہ پاکستانی قوم کو ...

کریسنٹ کے سالانہ خریداروں سے گذارش ہے کہ وہ اپنے اخبار پر اگر یاد دہانی کی سُرخ مہر دیکھیں تو بروقت اپنی ممبر شپ کی تجدید کروائیں۔ تاکہ اخبار بغیر کسی رکاوٹ کے آپ تک پہنچتا رہے۔ شکریہ (ادارہ)



... سیلاب زدگان ... وزیراعظم ... فنڈ کے لیے ... کا چیک پیش کرتے ہوئے

پاکستانی زائرین کو رمضان المبارک کے دوران عراق جانے کی اجازت مل گئی

ابتدا میں سفر طیاروں کے ذریعے کیا جائے گا

زائرین عراق میں ۳۰ روز سے زیادہ قیام نہیں کر سکیں گے: اعلیٰ سطح کے اجلاس کا فیصلہ

اسلام آباد ——— (اے پی پی) یہاں سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ حکومت پاکستان اور جمہوریہ عراق رمضان المبارک کے دوران عراق جانے والے پاکستانی زائرین کو سفر کی اجازت دینے پر آمادہ ہو گئی ہیں۔ شروع میں سفر طیاروں کے ذریعے کیا جائے گا ... [illegible]

... [illegible]

پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر بھارت کے صدر فخرالدین علی احمد کا اظہار رنج

اسلام آباد ——— (اے پی پی) بھارت کے صدر فخرالدین علی احمد نے صدر پاکستان مسٹر فضل الٰہی چودھری کو ایک پیغام ارسال کیا ہے جس میں انہوں نے پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر رنج کا اظہار کیا ہے ... [illegible]



[illegible]

پاکستان اور افغانستان کے عوام کبھی ایک دوسرے کے دشمن نہیں ہو سکتے: وزیراعظم بھٹو

سیاسی اختلافات کا معقول اور آبرومندانہ حل تلاش کر لیا جائے گا

عشائیہ میں افغانستان کے صدر محمد داؤد کی جوابی تقریر

راولپنڈی ——— (اے پی پی) وزیراعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا کہ پاک افغان تعلقات کی نوعیت کیسی ہی کیوں نہ ہو پاکستان اور افغانستان کے عوام ایک دوسرے کے دشمن کبھی نہیں ہو سکتے۔ افغان سربراہ مملکت کی جانب سے اپنے اعزاز میں جوابی ضیافت میں تقریر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا دونوں طرف کے عوام کی یہ دلی خواہش ہے کہ باہمی اختلافات کا کوئی ایسا تصفیہ ہو جائے جو ان کے باہمی تعاون کی نئی راہیں روشن کر سکے۔

افغان صدر نے فارسی میں تقریر کی جس کا ترجمہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا ہم اپنے مسائل حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ہماری کوششوں میں ہمیں کامیابی عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا وزیراعظم بھٹو کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کر کے مجھے بے حد مسرت ہوئی ہے۔ میں نے آپ کو پاکستان کے برادر اور دوست عوام کے مابین پا کر بہت خوشی محسوس کی۔ اپنی تقریر کے اختتام پر انہوں نے صدر فضل الٰہی چودھری اور وزیراعظم بھٹو کی صحت اور پاکستان کے برادر عوام کی ترقی و خوشحالی کا جام تجویز کیا۔

افغانستان کے صدر محمد داؤد نے اپنی تقریر میں اس توقع کا اظہار کیا کہ دونوں ملکوں کے سیاسی اختلافات کا معقول اور باعزت حل تلاش کر لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا ہم جذبے کے ساتھ اور اسی فضا میں پاکستان آئے ہیں جو وزیراعظم پاکستان کے دورہ کابل سے پیدا ہوئی تھی۔ ہم نہایت خلوص اور خیر سگالی کے جذبات لے کر پاکستان آئے ہیں۔






افغانستان کے سربراہ مملکت سردار محمد داؤد اور وزیراعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو لاہور کے ہوائی اڈے پر ... [illegible]

لاہور پہنچنے پر صدر محمد داؤد کا پُرجوش خیر مقدم

لاہور ——— (نامہ نگار خصوصی) افغانستان کے صدر اور وزیراعظم محمد داؤد کا آج صبح یہاں پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ وزیراعظم بھٹو بھی معزز مہمان کے ہمراہ تھے۔ ہوائی اڈے پر گورنر پنجاب مسٹر محمد عباس عباسی، صوبائی وزیراعلیٰ مسٹر صادق حسین قریشی، صوبائی وزراء اور اعلیٰ سرکاری حکام نے صدر داؤد کو خوش آمدید کہا۔ صدر داؤد اور وزیراعظم بھٹو پی آئی اے کے خصوصی طیارے کے ذریعے گیارہ بج کر دس منٹ پر لاہور کے ہوائی اڈے پر پہنچے۔ ہوائی اڈے کو معزز مہمان کے استقبال کے لئے خاص طور پر سجایا گیا تھا۔ ہوائی اڈے کی عمارت پر افغانستان اور پاکستان کے جھنڈے اور صدر داؤد، صدر فضل الٰہی اور وزیراعظم بھٹو کی قد آدم تصاویر بھی نصب کی گئی تھیں۔ گورنر محمد عباس عباسی نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔

بھٹو اور قذافی مسائل پر تبادلہ خیال



شمشیر علی سیلز منیجر سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان بھی دورے پر ان دنوں کینیڈا آئے ہوئے ہیں۔ کارپوریشن کے بارے میں تجاویز وغیرہ کا بابت انہیں ۱۵ ستمبر تک "کریسنٹ" کی معرفت بھیجی جا سکتی ہیں۔
(ادارہ)



پشاور کے ہوائی اڈے پر وزیر اعظم بھٹو نے کرنل قذافی کو الوداع کیا

بین الاقوامی صورت حال، عالم اسلام کے مسائل اور دو طرفہ تعلقات موضوع گفتگو رہے

غیر جانب دار ملکوں کی کانفرنس سے متعلق امور پر بھی بات چیت ہوئی

پشاور ۔۔۔۔ (اپ پ) لیبیا کے صدر کرنل معمر القذافی اور وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کے مابین آج پشاور کے گورنر ہاؤس میں اہم مذاکرات ہوئے جن کے دوران مشرق وسطیٰ کی صورت حال، کولمبو میں غیر وابستہ ممالک کی سربراہی کانفرنس سے متعلق امور پر وزرائے کرنل قذافی کو الوداع کہنے کے بعد پہنچے اور وزیر اعظم پاکستان کے ساتھ بھی طور پر ہ منٹ تک مذاکرات کرنے کے بعد وطن روانہ ہو گئے۔ سرکاری ترجمان کے مطابق دونوں لیڈروں میں ہوائی اڈے پر بھی مذاکرات جاری رہے۔ مذاکرات کے دوران وزیر مملکت برائے امور خارجہ اور خارجہ سیکرٹری آغا شاہی بھی موجود تھے۔ پشاور کے ہوائی اڈے پر آمد اور روانگی کے وقت لیبیا کے سربراہ کو پرجوش خوش آمدید اور الوداع کہی گئی۔ وزیر اعظم بھٹو معزز مہمان کو خوش آمدید اور الوداع کہنے کے لئے ہوائی اڈے پر خود موجود تھے۔ صدر قذافی نے عوام کے پرجوش نعروں کے جواب میں اپنے دونوں ہاتھ کی انگلیاں ایک دوسرے میں پیوست کر کے پاکستان اور لیبیا میں اتحاد و اخوت کی علامت کے طور پر بلند کئے۔

روانگی سے قبل ہوائی اڈے پر اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے کرنل قذافی نے کہا کہ میں نے اپنے بھائی بھٹو کے ساتھ پاکستان اور لیبیا کے برادرانہ تعلقات، بین الاقوامی صورت حال، عالم اسلام کو درپیش مسائل و معاملات اور اسلام اور عالم اسلام کے کاز سے متعلق امور پر بات چیت کی۔ انہوں نے پاکستان کی ترقی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا میں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ ہمارے برادر ملک پاکستان اور اس کے عوام نے شاندار ترقی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم بھٹو سے مل کر مجھے بے حد خوشی ہوئی ہے۔ صدر قذافی نے ایک اخبار نویس کے استفسار پر کہا کہ ان کا ملک وزیر اعظم پاکستان مسٹر بھٹو کی جانب سے تیسری دنیا کی سربراہی کانفرنس منعقد کرنے کی تجویز کا خیر مقدم کرتا ہے تاکہ منصفانہ اور مساویانہ بین الاقوامی نظام کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جا سکیں۔

انہوں نے کہا ان کا ملک پاکستان کی اس تجویز کی کامیابی کے لئے بھرپور کوشش کرے گا۔ انہوں نے پاکستانی عوام کے لئے ایک تہنیتی اور خیر سگالی کا پیغام دیا۔ صدر قذافی لیبیا ۱۱ فروری ۱۹۷۴ء کو اسلامی سربراہی کانفرنس میں شرکت کے لئے پاکستان آئے تھے۔ صدر قذافی کا یہ غیر متوقع دورہ دونوں ملکوں کے برادرانہ تعلقات کا مظہر ہے۔

بھارت پاکستان کو چائے برآمد کرے گا

۔۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) بھارت پاکستان کو چائے برآمد کرنے کے امکانات تلاش کر رہا ہے۔ یہ بات آج پارلیمنٹ میں وزیر تجارت نے بتائی۔ انہوں نے اس توقع کا اظہار کیا کہ اس سلسلے میں نتائج اچھے برآمد ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ جنوری میں جو بھارتی تجارتی وفد پاکستان گیا تھا اس وقت پاکستانی درآمد کنندگان نے بھارتی چائے کی درآمد میں دلچسپی ظاہر کی تھی۔ ۱۹۶۴-۶۵ء کے دوران پاکستان نے کینیا اور سری لنکا سے چائے درآمد کی تھی۔

گوروں کو شراب نہیں ملے گی

راولپنڈی ۔۔۔۔ (اپ پ) برطانیہ میں ایک بھارتی آجر نے اپنے شراب خانے کی کھڑکی پر یہ اشتہار آویزاں کیا ہے کہ یہاں صرف کالوں کو شراب فروخت کی جائے گی۔ دکان کے مالک نے کہا ہے کہ وہ جیل جانا پسند کریں گے لیکن کسی حالت میں ہم سفید فام لوگوں کو شراب نہیں بیچیں گے۔ ادھر قدامت پسند پارٹی کے ایک رکن پارلیمنٹ نے کہا ہے کہ وہ اس معاملے کو نسلی تعلقات کے بورڈ کے سامنے پیش کریں گے۔

سیلاب سے متاثرہ افراد کے لیے وفاقی حکومت کی طرف سے چھ کروڑ ۲۵ لاکھ روپے کی امداد



وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو تحصیل شجاع آباد کے سیلاب سے متاثرین سے موضع بسیلی میں خطاب کر رہے ہیں۔

پنجاب کو تین کروڑ، سندھ کو دو کروڑ، سرحد کو ایک کروڑ اور بلوچستان کو ۲۵ لاکھ روپے امداد ملے گی

سیلاب جیسی آفات کا متحد ہو کر عزم و ہمت سے مقابلہ کریں: وزیر اعظم بھٹو

ملتان ۔۔۔۔ (اپ پ) وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے چاروں صوبوں کے باشندوں اور سیلاب سے متاثرہ افراد کے لئے چھ کروڑ ۲۵ لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ ان میں سے پنجاب کو تین کروڑ، سندھ کو دو کروڑ، سرحد کو ایک کروڑ اور بلوچستان کو ۲۵ لاکھ روپے ملیں گے۔ وزیر اعظم نے یہاں سیلاب زدہ علاقوں کے دورے میں ایک بہت بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ صوبائی حکومتیں یہ رقم امدادی کیمپوں کے قیام، امدادی کارروائیوں، پانی کے اخراج کی مشینری کی خرید، مکانوں کی تعمیر اور سیلاب زدگان کو خوراک اور ادویہ مہیا کرنے پر خرچ کریں گی۔ انہوں نے بتایا کہ مکانوں کی تعمیر کے لئے ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن قرضے دے گی۔ قرضے حاصل کرنے والوں کو دو برس تک کوئی قسط ادا نہیں کرنی پڑے گی اور نہ ہی ان پر کوئی سود لیا جائے گا۔ بیجوں اور آلات کاشتکاری کے لئے حاصل کئے گئے قرضوں پر بھی دو برس تک ادائیگی اور سود کی چھوٹ دی جائے گی۔ بیجوں، کھاد اور زرعی قرضوں کے تمام قرضے بلا سود ہوں گے اور اگلی فصل کی وصولی تک ملتوی کئے جائیں گے۔ وزیر اعظم نے مزید اعلان کیا کہ سیلاب سے متاثرہ تمام کاشتکاروں اور کسانوں کو تقاوی قرضوں کی ادائیگی کے لئے دو برس کی چھوٹ دی گئی ہے۔ ساڑھے بارہ ایکڑ تک اراضی کے مالکان کو یہ قرضے بالکل معاف کر دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت ڈویژن کو فوری طور پر ایک کروڑ روپیہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ صوبائی حکومتوں کو ادویہ مہیا کی جا سکیں۔
وزیر اعظم نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ سیلاب جیسی قدرتی آفات کا متحد ہو کر جرأت سے مقابلہ کریں کیونکہ اتحاد کی بدولت ہم مشکل سے مشکل حالات میں بھی سرخرو ہو سکتے ہیں۔ انفرادی کاوشیں ایسے حالات میں سود مند نہیں ہو سکتیں۔

پاکستان امریکہ سے ۴۰ ہزار ٹن سویابین حاصل کرے گا

واشنگٹن ۔۔۔۔ (اپ پ) اے پ معلوم ہوا ہے کہ امریکی محکمہ زراعت جلد ہی ۸ کروڑ ڈالر کا قرضہ پاکستان کو دے گا تاکہ پاکستان اس سے ۴۰ ہزار ٹن سویابین خرید سکے۔ یہ نیا قرضہ اس ۱۸ کروڑ ڈالر کے قرضے سے مختلف ہوگا جو نومبر ۱۹۷۵ء میں پاکستان کو دیا گیا تھا۔

بزرگ ادیب اور صحافی ملا واحدی انتقال کر گئے

کراچی ۔۔۔۔ (اپ پ) برصغیر کے مشہور ادیب اور صحافی ملا واحدی دہلوی آج سہ پہر یہاں ایک طویل علالت کے بعد ۸۸ برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ ملا واحدی مولانا محمد علی جوہر اور خواجہ حسن نظامی کے ہم عصر تھے۔ مرحوم رسالہ "نظام المشائخ" کے بانی اور متعدد کتب کے مصنف تھے۔ انہوں نے قرآن مجید کے مختلف حصوں کی تفسیر بھی لکھی، ان کی تصنیفات میں "رسول اکرم کی زندگی" اور "خواجہ حسن نظامی" اور "میرے زمانے کی دلی" خاص ہیں۔ وہ مختلف اخبارات کے لئے مضامین بھی لکھتے رہے۔

یہودی نواز تنظیم چلڈرن آف گاڈ کے کارندوں کو پاکستان سے فوراً نکل جانے کا حکم

تنظیم اسلامی ملکوں میں مذہبی منافرت پھیلا رہی ہے

خفیہ تنظیم کے کارندے بھارت کے راستے قابل اعتراض لٹریچر لے کر پاکستان میں داخل ہوئے تھے

راولپنڈی ۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے چلڈرن آف گاڈ نامی خفیہ تنظیم کے پاکستان میں آئے ہوئے چند کارکنوں کو فوری طور پر ملک چھوڑ دینے کا حکم دے دیا ہے۔ چلڈرن آف گاڈ کے یہ کارندے بھارت کے راستے قابل اعتراض لٹریچر لے کر پاکستان میں داخل ہوئے تھے۔ یہ تنظیم مختلف اسلامی ملکوں میں مذہبی منافرت پھیلا رہی ہے۔ اس کے پانچ کارندے چند دن قبل راولپنڈی بھی آئے۔ یہاں وہ کشمیر روڈ کے ایک ہوٹل میں قیام کے بعد ایک مکان کرائے پر لے کر رہنے لگے تھے۔ باوثوق ذرائع کے مطابق یہ تنظیم یہودیوں کے ایماء پر قائم کی گئی ہے اور اس کے کارندے مختلف اسلامی ممالک میں لٹریچر تقسیم کر رہے ہیں۔ اس تنظیم کے کارندوں کے پاکستان میں سرگرم ہونے سے مذہبی جذبات مجروح ہو رہے تھے۔ چلڈرن آف گاڈ کے کارندوں کو ۲۴ گھنٹوں میں ملک چھوڑنے کا حکم دیا ہے۔

پانچ ہزار پاکستانیوں کو بھارت جانے کا ویزا جاری کر دیا گیا

نئی دہلی ۔۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) نائب وزیر داخلہ نے لوک سبھا میں ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ پاکستان کے ۵ ہزار افراد کو جو بھارت آنا چاہتے تھے بھارتی سفارت خانے نے ویزا جاری کیا ہے صرف ۱۱ پاکستانی ایسے ہیں جنہیں ویزا دینے سے انکار کیا گیا۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو سکا ہے کہ پاکستان نے کتنے بھارتیوں کو ویزا دینے سے انکار کیا ہے۔

پاکستان نے بھارت کو راہداری کی کوئی سہولت نہیں دی

بھارت سے تعلقات کو معمول پر لانے میں پاکستانی عوام کے مفادات کو مقدم رکھا گیا ہے

کراچی ۔۔۔۔ (اپ پ) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے آج اس امر کا اعلان کیا کہ پاکستان بھارت کے ساتھ اپنے تعلقات کو معمول پر لانا چاہتا ہے لیکن اس کے لئے ہم بنیادی مسئلہ کشمیر پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان یہ بات واضح کر چکا ہے کہ بھارت کے ساتھ وہ تعلقات کو معمول پر لانے کا سچے دل سے متمنی ہے لیکن یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک جموں و کشمیر کو تنازعہ حق خود اختیاری کی بنیاد پر طے نہ ہو جائے۔ وزیر اعظم ایک ضیافت میں تقریر کر رہے تھے جو کہ ہندوستان کالج کی طرف سے آج شام ان کے اعزاز میں دی گئی تھی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان اس جذبے کے خلاف نہیں ہے کہ مفاہمت اور مصالحت کے لئے صلح جوئی اور مروت سے کام لیا جائے لیکن بعض ایسے بنیادی مسائل ہوتے ہیں جن پر سمجھوتہ نہیں ہو سکتا اور کشمیر کا مسئلہ ان میں سے ایک ہے اگر ہم کسی بنیادی مسئلے پر سودے بازی کریں پھر ہم بھانے تو مسئلے کے حل ہونے کے بجائے ایسے مسائل پیدا ہوں گے جو پہلے سے زیادہ پیچیدہ ہو جاتے ہیں۔
انہوں نے کہا کہ بہت سے مسائل کچھ دو اور کچھ لو کے اصول پر طے پا جاتے ہیں جو جذبات اور شائستگی کا ایک حصہ ہے لیکن اس اصول سے زندگی کے ہر پہلو اور ہر مسئلے کو منطقی طور پر حل نہیں کیا جا سکتا۔



مقامی ہوٹل پر بیشتر کا بینر جو گذشتہ دنوں نصب کیا گیا۔

۷۵-۱۹۷۴ کے دوران صنعتی پیداوار میں اضافے کی رفتار سست رہی

عالمی منڈیوں میں ہماری مصنوعات کی مانگ کم رہی، سینیٹ میں وزیر صنعت کا بیان

[illegible]

سعد طارق کو اردن میں سفیر مقرر کر دیا گیا

[illegible]

ہمارے دلوں میں پاکستان کے لیے بے حد محبت ہے

ہم بھارت یا کسی اور طاقت کے دباؤ میں ہرگز نہیں آئیں گے: جنرل ضیا

[illegible]

بیرونی ممالک سے امداد نہیں مانگی جائے گی، قوم اپنے وسائل سے مشکلات کا مقابلہ کرے گی

وزیر اعظم ریلیف فنڈ میں دل کھول کر عطیات دیجیے

وزیر اعظم بھٹو نے پنجاب کے سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ شروع کر دیا

[illegible]

مغربی جرمنی کی ہاکی ٹیم پاکستان میں عالمی ہاکی ٹورنامنٹ میں شرکت کرے گی

[illegible]



اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر وزیر اعظم بھٹو صدر داؤد کا استقبال کر رہے ہیں۔

پندرہ روزہ
کرسینٹ
نوٹنگھم

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ

زیر بصیرت

رمضان المبارک کے روزے


قرآن پاک نے چند آیات میں روزوں کے متعلق سب کچھ بیان کر دیا ہے۔ اور اس خوبصورتی اور فصاحت و بلاغت کے ساتھ کہ دنیا کے کسی ادب میں اس کا جواب نہیں۔ پہلی آیت میں جہاں یہ فرمایا کہ "تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں" وہاں ساتھ ہی مقصد بھی بیان کر دیا "تاکہ تم میں تقویٰ پیدا ہو سکے" اور جہاں روزوں کے متعلق بیان ختم فرمایا وہاں پھر اس بات کو دہرایا "اس طرح اللہ اپنی آیات لوگوں کے لیے کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ ان میں تقویٰ پیدا ہو سکے" یہ قرآن پاک کا عام انداز ہے کہ وہ جہاں سے بات شروع کرتا ہے، وہیں اس کا اختتام بھی کرتا ہے۔ درمیان میں بعض دیگر ضروری امور آ جاتے ہیں۔

دوسری آیت میں فرمایا "یہ گنتی کے دن ہیں لیکن کوئی ان دنوں میں بیمار ہو یا سفر پر ہو تو وہ اتنی تعداد بعد میں پوری کر لے" — تیسری آیت میں گنتی کے دنوں کی صراحت فرما دی کہ ان سے مراد رمضان المبارک کا مہینہ ہے اور یہ مہینہ اس لیے روزوں کے لیے منتخب کیا گیا ہے کہ اس میں قرآن پاک نازل ہوا تھا۔ اگلی آیت میں فرمایا "اور جب میرے بندے مجھ سے میرے متعلق پوچھیں (تو ان سے کہہ دیجیے) کہ میں بالکل قریب ہوں۔ پکارنے والا جب مجھے پکارتا ہے تو اس کا جواب دیتا ہوں"

روزوں کے احکام بیان فرماتے ہوئے درمیان میں یہ آیت لا کر اپنے مخصوص انداز میں روزوں سے جو ثمرہ حاصل ہوتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کا قرب اس کی طرف اشارہ فرما دیا اس سے اگلی آیت میں یہ فرمایا کہ روزہ اس وقت شروع ہوتا ہے جب صبح کی سفید دھاری رات کی سیاہ دھاری سے الگ ہو جائے یعنی صبح صادق سے غروب آفتاب تک روزہ ہے۔ آخری آیت میں فرمایا "اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریق سے نہ کھاؤ اور نہ اسے حاکموں کو رشوت (دو) تاکہ ان کے ذریعہ دوسروں کے مال کا کچھ حصہ گناہ کے طور پر جانتے بوجھتے کھا سکو" بظاہر اس آخری آیت کا روزوں سے کوئی تعلق نہیں آتا لیکن بنظر غور دیکھا جائے تو اس میں یہ اشارہ پنہاں نظر آتا ہے کہ جیسے روزوں کے دوران کھانے پینے سے بچتے ہو اسی طرح عام زندگی میں حرام کھانے سے بچو۔



کمال جوشِ جنوں میں رہا میں گرمِ طواف
خدا کا شکر سلامت رہا حرم کا غلاف!
یہ اتفاق مبارک ہو مومنوں کے لیے
کہ یک زباں ہیں فقیہانِ شہر میرے خلاف
—— (بال جبریل)



قائد اعظم معمولی اور بڑی بات میں متوازن رویہ اختیار کرتے تھے

ایک مرتبہ بمبئی ہائی کورٹ میں ایک اہم مقدمہ تھا۔ مقدمہ کی کاروائی سننے والوں کی اس قدر بھیڑ تھی کہ عدالت کے دروازے بند کرنے پڑے۔ جب قائد اعظم عدالت میں داخل ہوئے تو ان کے بیٹھنے کے لیے کوئی جگہ خالی نہ تھی۔ انہوں نے وکلا کی مخصوص نشستوں کی طرف اپنی نظر دوڑائی تو دیکھا کہ وکیلوں کے لیے مخصوص کرسیوں میں سے ایک کرسی پر پولیس کے صدر مسٹر میکلائلنڈ بیٹھے ہیں۔ مسٹر میکلائلنڈ بااثر و رسوخ اور ایک بہت بڑی شخصیت کی حیثیت رکھتے تھے۔ قائد اعظم نے مسٹر میکلائلنڈ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کرسی خالی کر دیجئے کیونکہ یہ کرسی وکلا کے لیے مخصوص ہے۔ میکلائلنڈ نے کرسی خالی کرنے سے انکار کیا اور اس کرسی پر جمے بیٹھے رہے۔ اس پر قائد اعظم نے عدالت کے کلرک سے کہا کہ وہ ان کو کرسی سے اٹھا دے۔ کلرک مسٹر میکلائلنڈ کو جانتا تھا وہ کرسی سے اٹھوانے میں پس و پیش کرنے لگا کہ وہ اتنی بڑی شخصیت کو وہاں سے ہٹانے کی جرأت نہیں رکھتا تھا۔ قائد اعظم نے کلرک کو یقین دلایا کہ اگر مسٹر میکلائلنڈ کو کرسی سے نہ اٹھوایا تو وہ اس کی شکایت جج سے کریں گے۔ کلرک نے نہایت بے دلی سے عاجزی سے مسٹر میکلائلنڈ سے کرسی خالی کرنے کو کہا۔ میکلائلنڈ نہایت ہوشیار تھا۔ اس نے موقع کی نزاکت کو بھانپ لیا اور فوراً کرسی خالی کر دی۔ قائد اعظم کے ارادے کی پختگی اور اپنے حق کے لئے ڈٹ جانے کا نقش اس کے دل پر ایسا بیٹھا کہ اس واقعہ کے تھوڑے عرصہ بعد اس نے قائد اعظم کو کارپوریشن کے بعض اہم معاملات کی پیروی کے لئے ایک ہزار روپے یومیہ کی پیشکش کی۔ اس واقعہ سے قائد اعظم کی پختگی اور عزم کی بلندی کا پتہ چلتا ہے۔ [illegible]

قائد اعظم کسی کام کو شروع کرنے سے پہلے اس کے سب پہلوؤں پر غور کرتے اور جب اسے حق و انصاف کے ترازو میں پورا پاتے اسے عمل کرانے کے لئے عمل شروع کرتے تو پھر کوئی بھی طاقت ان کے عزم میں تزلزل پیدا نہ کر سکتی تھی۔ [illegible]

آپ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ ناکامی میرے لیے غیر معروف لفظ ہے۔ صرف جد و جہد مسلسل شرط ہے۔ [illegible]

[illegible]



گاہے گاہے باز خواں

[illegible]

[illegible]

یوم الاقصیٰ

اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کی پہلی کانفرنس میں، جو مارچ ۱۹۷۰ء میں جدہ میں ہوئی تھی، یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ ہر سال تمام مسلم ملکوں میں ۲۱ اگست کو "یوم الاقصیٰ" کے طور پر منایا جائے گا۔ اس دن ۱۹۶۹ء میں اسرائیلیوں نے اسلامیان عالم کے قبلہ اول مسجد اقصیٰ میں آتش زنی کی شرانگیز واردات کی تھی، جس نے دنیا بھر میں مسلمانوں کے جذبات کو زبردست ٹھیس لگی تھی۔ اور ان کے اظہار احتجاج و اضطراب نے صرف چند ہفتے بعد رباط میں مسلم ملکوں کے سربراہوں کی پہلی کانفرنس کے انعقاد کی راہ ہموار کی تھی۔ اس دوران میں مسلم ملکوں میں اتحاد اور یکجہتی کے سلسلے میں کئی ٹھوس قدم اٹھائے جا چکے ہیں، جو اپنی جگہ اہم اور ایمان افروز ہیں، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ابھی خاطر خواہ حرکت میں تبدیلی ہونے کا رجحان نظر نہیں آیا۔ پچھلے کئی چار ماہ سے لبنان میں فلسطینی جس دوہرے آزمائش سے دوچار چلے آ رہے ہیں، اس کا المناک منظر سب کے سامنے ہے۔ اس پس منظر میں ۲۱ اگست کو یوم الاقصیٰ کے طور پر منانے کے اہتمام سے اگر عالم اسلام میں فلسطینیوں سے اظہار ہمدردی اور ان کی امداد کی کوئی موثر تحریک شروع ہو جائے تو یہ خاص دن منانے کا مقصد بہتر انداز میں پورا ہو گا، اور یہ اہتمام محض رسم تک محدود نہیں رہے گا۔

افغانستان کا عطیہ

حکومت افغانستان نے پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کے لئے ۵۰ ہزار ڈالر کا عطیہ دیا ہے۔ امریکہ کے بعد افغانستان دوسرا ملک ہے، جس نے ابتلاء و آزمائش کے اس مرحلے میں پاکستان سے اظہار ہمدردی کے علاوہ امداد کے طور پر عطیہ بھی دیا ہے۔ رقم سے قطع نظر دونوں ملکوں میں مفاہمت اور خیرسگالی کی نئی فضا کے نقطہ نظر سے افغانستان کا یہ عطیہ اہلِ پاکستان کے لئے بڑی خوشی اور اطمینان کا باعث بنے گا۔

حق بات

..... کو فنا خدا کو بقا بات حق
میں کیا کیوں گا، ہے یہ خدا کی بھی ادائی
مرنے میں اس خیال سے تسکین ہے بہت
کہ میری جان ناسخ نے کہ تھی جس کی تھی ہوئی
—— (ناسخ لاہوری)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

کرسینٹ

ٹورنٹو، کینیڈا

یکم ستمبر ۱۹۷۶ء مطابق ۷ رمضان ۱۳۹۶ھ

جلد نمبر ۵ شمارہ ۱۶



صدر محمد داؤد کو جمعہ کے روز اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا

افغانستان پاکستان سے برادرانہ تعلقات استوار کرنا چاہتا ہے

خدا کے فضل و کرم سے ہم تمام مشکلات پر قابو پالیں گے اور ایک دوسرے کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے ترقی و خوشحالی کی منزلیں طے کریں گے

دونوں ملکوں کی قربت اسلامی اخوت کے عالمگیر اصول کی مرہون منت ہے

خیرسگالی خلوص اور عزم سے کام لیا گیا تو باہمی اختلافات طے ہوجائیں گے


تمام مسائل کو گفتگو کی ایک یا چند نشستوں میں حل نہیں کیا جاسکتا

ہم پاکستانی بھائیوں کے خلوص اور محبت کی قدر کرتے ہیں: شالیمار کے استقبالیہ میں خطاب

لاہور ــــــ (اپنے سٹاف رپورٹر سے) افغانستان کے صدر اور وزیراعظم سردار محمد داؤد نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے عوام آپس میں بھائی ہیں۔ اخوت کا یہ رشتہ دنیاوی قرابت کے نقطۂ نظر سے نہیں ہے بلکہ یہ اسلامی بھائی چارے کے عالمگیر اصول کا مرہون منت ہے۔ انہوں نے پاکستانی عوام کو یقین دلایا کہ وہ حقیقت پسندانہ طرزعمل اختیار کرتے ہوئے پاک افغان تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے اپنی حکومت کا فرض اولین تصور کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ میری اور حکومت افغانستان کی یہ دلی تمنا ہے کہ ہمارا سیاسی اختلاف ختم ہو جائے اور ہمارے تعلقات برادرانہ دوستانہ اور پائیدار بنیادوں پر قائم ہو جائیں ...

... کی بنیاد پر بات چیت کی جائے۔

انہوں نے کہا کہ ہم یہ آرزو رکھتے ہیں کہ پاکستان کا ہاتھ پکڑ کر اس راستہ کو محبت کی روشنی سے طے کریں۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اس راستہ میں خدا کی مدد ہمارے ساتھ ہوگی ...



دو بچے افغانستان کے صدر داؤد کو گلدستے پیش کر رہے ہیں!

... انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ ہم میں یہ نیک نیتی موجود رہی اور اس کی واحد مقصد اس پر عمل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان نیک نیتی سے پاکستان کے ساتھ برادرانہ اور دوستانہ تعلقات چاہتا ہے ...

ریلوے مین لائن کی تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا

لاہور ــــــ (اپنے سٹاف رپورٹر سے) صوبہ پنجاب اور شمالی حصوں میں ریل گاڑیوں کی آمد و رفت کی صورت بہتر ہو گئی ہے ...

گذشتہ برس ۹۹ ممالک کو کپڑا برآمد کیا گیا

اسلام آباد ــــــ (اے پی پی) قومی اسمبلی نے آج شام کے اجلاس میں ... وفاقی ... سے متعلق مسودہ قانون کی پہلی خواندگی شروع کی ... انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے ۱۹۷۵-۷۶ء کے دوران ۹۹ ممالک کو کپڑا برآمد کیا ...

بنگلہ دیش میں مسلم لیگ سب سے بڑی سیاسی جماعت بن کر ابھر رہی ہے

ڈھاکہ ــــــ (بی بی سی) بنگلہ دیش میں سیاسی سرگرمیوں پر عائد پابندیاں ختم ہونے کے بعد نئی سیاسی جماعتوں کی تشکیل کے لیے سیاسی حلقوں میں ... جاری ہیں ...

غیر ممالک سے آنے والے ... ہزار روپے تک کی مالیت کا سامان لاسکیں گے

وفاقی حکومت نے مزید سہولتوں کا اعلان کر دیا

اسلام آباد ــــــ (اے پ پ) وفاقی حکومت نے غیر ممالک سے پاکستان آنے والے افراد کے لئے ذاتی سامان میں کچھ اشیاء لانے کی سہولتوں کا اعلان کیا ہے ...

اُستاد غلام حسین خاں انتقال کر گئے

ساہیوال ــــــ (نمائندہ خصوصی) برصغیر پاک و ہند کے نامور ... استاد غلام حسین خاں آج یہاں ساہیوال میں انتقال کر گئے ... ادا کی جائے گی۔